

کتابیاتِ رضا

رضویات پر لکھے گئے تحقیقی مقالات اور کتب کی فہرست

مرتبہ

ڈاکٹر محمد سہیل شفیق

مقدمہ

پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری

شعبۂ اسلامی تاریخ، کراچی یونی ورسٹی، کراچی

امام احمد رضا کے صد سالہ عرس کے موقع پر اشاعتِ خاص

(۱۹۲۱ء۔۔۔۔۲۰۲۱ء)

کتابیاتِ رضا

(رضویات پر لکھے گئے تحقیقی مقالات اور کتب کی فہرست)

مرتبہ

ڈاکٹر محمد سہیل شفیق

مقدمہ: پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری

ناشر

شعبہء اسلامی تاریخ، کراچی یونی ورسٹی، کراچی

بتعاون: ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا، کراچی

ضابطہ

نام کتاب : کتابیاتِ رضا

مرتب : ڈاکٹر محمد سہیل شفیق

مقدمہ : پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری

صفحات : ۱۸۴

سنِ اشاعت: ۱۴۴۳ھ / ۲۰۲۱ء

کمپوزنگ : خرم سبزواری / شیخ وامق انصاری

ناشر : شعبہء اسلامی تاریخ، کراچی یونی ورسٹی

ملنے کے پتے

(1) شعبہء اسلامی تاریخ، کراچی یونی ورسٹی، کراچی.

E.mail: msshafiq@uok.edu.pk

(2) ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا، ۲۵۔ جاپان مینشن، ریگل چوک، صدر، کراچی

E.mail: imamahmadraza@gmail.com

انتساب

سفیرِ اسلام، خلیفۂ اعلیٰ حضرت

شاہ عبد العلیم صدیقی مدنی رحمۃ اللہ علیہ

اور

ماہرِ رضویات

پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد رحمۃ اللہ علیہ

کے نام

سہیل شفیق

فہرس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

شمسی سال کے اعتبار (۱۹۲۱ء۔ ۲۰۲۱ء) سے اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے صد سالہ عرس پر ادراہ تحقیقات امام احمد رضا (رجسٹرڈ) کراچی امسال اپنی ۴۱ ویں سالانہ امام احمد رضا کانفرنس کے موقع پر چند نئ علمی و تحقیقی کتب منظر عام پر لانے کی سعادت حاصل کر رہا ہے جن کی تفصیل یہ ہے:

(1) فرہنگِ رَضا
(2) حدائقِ بخشش حصہ سوم
(3) سلامِ رَضا (مفاہیم اور تلفظ کی نشاندہی کے ساتھ)
(4) امام احمد رضا کے سیاسی نظریات
(5) کتابیاتِ رَضا

جامعہ کراچی کے شعبہ ء اسلامی تاریخ کے صدرِ محترم ڈاکٹر حافظ محمد سہیل شفیق کی مرتب کردہ پیش نظر "کتابیاتِ رَضا" پہلی مرتبہ کراچی یونی ورسٹی کا شعبہ ء اسلامی تاریخ، ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کے اشتراک سے شائع کر رہا ہے جس کے لیے ادارہ صدرِ شعبہ کا ممنون ہے۔

ڈاکٹر محمد سہیل شفیق کتابیات، اشاریہ اور فہرستِ کتب مرتب کرنے میں ایک وسیع تجربہ رکھتے ہیں اور ان کی تحقیق کے مطابق برصغیر میں اب تک کسی عالم دین پر لکھی جانے والی کتب کی اتنی تعداد نہیں جتنی امام احمد رضا پر لکھی جاچکی ہیں جو کہ تقریباً ۱۶۰۰ سے متجاوز ہیں۔ پیش نظر "کتابیاتِ رَضا" کے شروع میں ڈاکٹر صاحب نے امام

احمد رضا پر لکھے جانے والے ایم۔اے، ایم۔فل،پی اور ایچ۔ڈی کے مقالات کی تفصیل شامل کی ہے اگر تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کے تحت لکھے گئے مقالات اور دنیا بھر کے مختلف جرائد میں شائع ہونے والے تحقیقی مقالات بھی شامل کیے جاتے تو یہ تعداد ہزاروں میں پہنچتی۔

"کتابیاتِ رَضا" مستقبل کے محققین کے لیے ایک بڑا رہنما ثابت ہوگی کیونکہ اب تک دنیا بھر میں امام احمد رضا پر جو کچھ لکھا اور چھاپا گیا تقریباً وہ سب اس "کتابیاتِ رَضا" میں محفوظ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اپنے موضوع کے اعتبار سے دنیا کی اس منفرد و واحد کتاب کو ہر اہم اور بڑی لائبریری میں ہونا از حد ضروری ہے۔

ادارہ ایک بار پھر سے کراچی یونی ورسٹی کے شعبہء اسلامی تاریخ کا ممنون ہے کہ انہوں نے اس کتاب کو اپنے شعبہ سے شائع کرنے کا اہتمام کیا۔

از

ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری

تاریخ پر نظر ڈالیں تو معلوم ہوتا ہے کہ تصنیف وتالیف کا سلسلہ بہت قدیم ہے مگر ڈیڑھ تا ڈھائی ہزار سال سے یہ سلسلہ تواتر کے ساتھ جاری ہے۔ ابتدا میں موضوعات کم تھے اور لکھنے والے بھی کم،اسی لیے ایک موضوع پر چند ہی کتابیں دستیاب ہوپاتیں۔مگر جیسے جیسے وقت گزرتا گیا تو ہر موضوع پر کتابوں کی تعداد بڑھنے لگی اور جب سے کتابیں باقاعدہ چھپنے لگیں تو ان میں اور تیزی سے اضافہ ہونے لگا۔ اسلام کی اشاعت میں قرآن، حدیث، تفسیر اور فقہ کی کتابیں بہت تیزی سے شائع ہونا شروع ہوئیں اور دیکھتے ہی دیکھتے چند صدیوں میں تعدا د ہزاروں سے بھی تجاوز کرگئی ساتھ ہی مسلمانوں میں ان کتابوں کی فہرست بنانے کا رجحان شروع ہوا،اس کے علاوہ فرہنگ سازی بھی زور پکڑنے لگی۔یہا ں صرف دو مثال دینا چاہوں گا جو اندراجات کے لحاظ سے بہت جامع فہرست قراردی جاسکتی ہیں ان میں اول قرآن کریم کی ایک فہرست ہے ۔

قرآن کریم عربی زبان میں نازل ہوا۔ اس وقت عرب کے قرب وجوار کے تمام علاقوں میں عربی ہی بولی جاتی تھی مگر جیسے جیسے اسلام عرب سے عجم کی سر زمین تک پہنچا اور عجمی لوگ جوق در جوق اسلام میں داخل ہونے لگے تو ضرورت محسوس ہوئی کہ قرآن کو سمجھنے کے لیے اب دوسری زبانوں میں اس کا ترجمہ کیا جائے چناں چہ اوّل فارسی زبان میں ترجمہ اور پھر جہاں جہاں جس جس علاقے میں اسلام پہنچتا گیا اس کی زبان میں ترجمہ ہوتا چلا گیا پھر ایک زبان میں صرف ایک ہی ترجمہ نہ ہوا بلکہ ہر صدی میں مختلف زبانوں میں کثرت سے ترجمے ہونے لگے اور آج اس زمانے تک قرآن کریم کا ہر زبان میں ترجمہ

ہوچکا ہے ان تراجم کی فہرست سازی کی ضرورت محسوس ہوئی۔اس عالمی کام سمیٹنا آسان نہ تھا اس اہم کام کے لیے ترکی میں ایک ادارہ

Reserarch Center for Islamic Art and :1980میں قائم ہوا (IRCICA) Culture

یہ ادارہ استنبول،ترکی میں قائم ہوا جس نے دنیا کی ۱۳۰ لائبریریوں کی کیٹلاگ استعمال کرتے ہوئے سیکڑوں افراد کی شب وروز کی محنت کے بعد دنیا کی۶۵ زبانون میں۲۶۷۲ تراجم قرآن کی فہرست ۱۹۸۶ء میں تیار کی۔اس کام کو دوماہرین سپروائز کررہے تھے۔

ا۔Ismet Binark ۲۔Halit Eren جبکہ Ekmelddin Ihsanoglu نےاس کو

World Bibliography of Translation of the Meanings of the HOLY QUR'AN prented Translations 1515-1980

استنبول،ترکی سے ۱۹۸۶ء میں شائع کیا۔

دوسری فہرست کے حوالے سے ایک اہم کتاب جو عربی زبان میں مرتب کی گی۔اس کو مصطفیٰ بن عبداللہ حاجی خلیفہ کاتب چلپی استنبولی نے"کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون" کے نام سے مرتب کی اس میں۹۵۰۰ موءلفین کی۱۵۰۰۰ کتابوں کی فہرست تیار کی گئی تھی اب یہ کتاب پاکستان میں بھی طبع ہوچکی ہے اور نور محمد کارخانہ کتب، آرام باغ کراچی میں دستیاب ہے۔

دور حاضر میں ہر زبان میں مختلف علوم وفنون کی کتب کی فہرستیں شائع ہوچکی ہیں اور راقم کے نزدیک یہ بھی ایک طویل ریسرچ کا کام ہوگا کہ ایک فہرست ایسی تیار کی جائے جس میں دنیا میں شائع ہونے والی تمام کتب فہرست ہوں یہ فہرست مختلف زبانون میں بھی تیار ہوسکتی ہے اور مختلف علوم وفنون میں الگ الگ کتب کی فہرست بھی تیار کی جاسکتی ہے۔ یہاں ہم صرف اردو زبان کی کتب کی فہرست کے

حوالے سے مختصر بتانا چاہیں گے کہ اردو زبان میں فہرست سازی کب رائج ہوئی، کتابیات یافہرست کتب کی کیا تعریف کی جاسکتی ہے اس سلسلے میں صرف ایک ریفرنس دینا چاہوں گا تا کہ عام قاری بھی اس فن سے آگاہ ہوسکے۔ یہ حوالہ ڈاکٹر محمد طاہر قریشی نے اپنی کتاب" فہرست کتب خانہ" نعت ریسرچ سینٹر میں الطاف شوکت کے مقالے سے دیاہے جو انھوں نے" نظام کتب خانہ" میں ص:۳۷ پر دیاہے۔

"ہر وہ کتاب جس میں کتابوں کی فہرست ایک خاص ترتیب سے درج کی گئی ہو اور ایک خاص مقصد پورا کرنے میں مدد گار ثابت ہوسکے وہ کتابیات کہلائے گی"۔

اردو زبان میں فہرست سازی کا فن زیادہ قدیم نہیں اگر چہ اس کا آغاز انیسویں صدی سے ہی ہوگیا تھا اور اس عنوان پر الفہرست کے نام سے۱۹۲۳ء میں کتابوں کی ایک نامکمل فہرست شائع ہوئی تھی جس کو بعد میں۱۹۶۱ء میں مولوی عبدالحق نے "قاموس الکتب" کے نام سے شائع کی تھی۔ کام مزید آگے بڑھتا رہا اور فہرست بنانے میں مختلف کام کرنے والوں نے مصنف کا نام لکھنے میں بہت اختلاف کیا اور اس کے بعد کتاب کا نام اور صفحات ،تاریخ اشاعت کو کس طرح لکھنا ہے اس پر بھی اختلاف چلتا رہا اور جب سے لائبریری سائنس کا باقاعدہ علیحدہ شعبہ قائم ہوا اور طالب علموں نے اس علم کے فن کو اچھی طرح سیکھا پھر ان اصولوں کے مطابق فہرستیں تیار کی جانے لگیں گوکہ ابھی بھی اس بات میں اختلاف ہے کہ کیا ہم مصنف کا نام مغرب کے اصول کے مطابق لکھیں مثلاً راقم کانام قادری مجید اللہ لکھا جائے مگر اس نہج کو ہمارے اس معاشرے میں پوری طور پر قبول نہیں کیا گیا۔ مغرب کے اصول اور لائبریری سائنس کے اصول کے مطابق۱۹۷۳ء میں ڈاکٹر اسلیم اختر کی مرتبہ جامع فہرست مطبوعات پاکستان شائع ہوئی اور فاضل مرتب نے دیباچہ میں لکھا ہے کہ کتاب لائبریری سائنس کے اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے مرتب کی گئی ہے اس کے بعد سلسلہ فہرست کتب عام ہوگیا اور پچھلے ۵۰ سالوں میں سیکڑوں فہرست مرتب کر لی گئی ہیں ،ان میں کچھ شائع ہوئی ہیں اور بڑی تعدادا بھی اشاعت کی منتظر ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ کتب فہرست عام قاری کی دلچسپی کی کتاب نہیں اس کو صرف اور محققین ہی استعمال کرتے ہیں اور وہ ہی اس کی اہمیت سے واقف ہیں ۔ راقم کے نزدیک کتاب کی اہمیت آج بھی اتنی ہی ضروری ہے اس لیے کتابوں کی اشاعت کا سلسلہ رکنا نہیں چاہیے۔

دنیا میں ایک عنوان پر ہزاروں کتابیں مل جائیں گی ان کی کتابیات موضوع سے بھی مل جائیں گی بعض موضوعات پر کتابوں کی فہرست ہزاروں سے تجاوز کر کے لاکھوں تک پہنچ گئی ہے مثلاً حضور ﷺ پر لکھی جانے والی صرف اردو زبان میں کتابوں کی تعداد نہ جانے کتنی ہو گی شاید ابھی تک اس کی مکمل فہرست تیار نہیں کی گئی ہے۔ اسی طرح فرد واحد کی اپنی تصانیف او راس پر لکھی جانے والی کتابوں کی فہرست ابھی ہمارے یہاں زیادہ تعداد میں شائع نہیں ہوئی ہیں البتہ ڈاکٹر محمد اقبال جیسے شاعر پر اب تک سیکڑوں کتابیں لکھی گئی ہے۔ لہٰذا "کتابیاتِ اقبال" تیار کرلی گئی اسی طرح مرزا غالب پر کہ وہ بہت بڑے شاعر تھے ان پر بھی کتابیات یعنی "فہرست غالب" شائع ہوچکی ہے۔ لیکن شخصیات پر کتب فہرست ابھی بہت کم ہیں۔بر صغیر میں سیکڑوں معروف علماء و فقہا ،مفسرین اور مورخین گزرے ہیں لیکن کسی ایک شخصیت پر اتنا کام نہیں ہوا کہ ان کی فہرست تیار کی جائے مگر برصغیر ہی کی ایک شخصیت ایسی ہے جس کی اپنی کتابوں کی تعداد ایک ہزار سے زیادہ بتائی جاتی ہے۔جس میں سے۴۰۰ سے زیادہ شائع ہوچکی ہیں اور بقیہ مخطوطات کی صورت میں محفوظ ہیں اور آہستہ آہستہ وہ بھی شائع ہو رہی ہیں یہ شخصیت تمام دنیا میں اپنے سلام رضا سے متعارف ہوچکی ہے میری مراد ہے" مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام" لکھنے والے مولانا احمد رضا خاں محمدی سنی حنفی برکاتی قادری بریلوی جن کو عالم اسلام میں مجدددین وملت، فقیہ اعظم، اعلیٰ حضرت اور عاشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جیسے القاب سے یاد کیا جاتا ہے اور ایک صدی گزرنے کے باوجود ان کی نہ یادوں میں کمی آئی اور نہ ان کے لکھنے والوں میں کمی آئی۔ اب تک ان کی شخصیت اور علمی کارناموں کے حوالے سے۵۰سے زیادہ پی۔ ایچ۔ ڈی اور۵۰سے زیادہ ایم ۔فل کی اسناد مختلف جامعات سے حاصل کی جاچکی ہیں جب کہB.ed,M.ed,M.Aا ور درس نظامی کی تکمیل پر لکھنے والے مقالات کی تعداد جو اکثر غیر مطبوعہ ہیں سیکڑوں تک پہنچ چکی ہے اگر وہ شائع ہو جائیں تو وہ مطبوعات میں شامل ہوجائیں گے ۔راقم کی تحقیق کے مطابق برصغیر میں صرف مولوی شبلی نعمانی پر الیاس اعظمی کا کام شائع ہو اہے جن میں ان پر لکھے گئے مقالات اور کتابوں کی فہرست مرتب کی گئی ہے۔

ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی جو اس سال امام احمد رضا کے 103 ویں یوم وصال کے موقع پر ادارہ کی 41 ویں امام احمد رضا کانفرنس کاانعقاد کر رہا ہے اورحسن اتفاق سے عیسوی اعتبار سے اس سال امام احمد رضا کاسواں یوم وصال بنتا ہے کہ آپ کا وصال ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء میں بروز جمعہ ہوا تھا اور اس سال ادارہ ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۱ءبروز جمعرات کانفرنس کا انعقاد کررہا ہے اس موقع پر ادارہ کی جانب سے کئی مطبوعات شائع کرنے کا ارادہ بنا، تمام احباب نے مشورہ دیا کہ کیوں نہ اس موقع پر امام احمد رضا پر دنیا بھر میں جتنی کتابیں شائع ہوچکی ہیں ان کی ایک مکمل فہرست مرتب کرائی جائے چنانچہ ادارہ نے ڈاکٹر سہیل شفیق صاحب سے رابطہ کیا اور ان کو"کتابیاتِ رَضا" کا پروجیکٹ دیا گیا جس پر انھوں نے مکمل تعاون کا یقین دلایااور انھوں نے اس کو کانفرنس سے قبل مکمل کرنے کا بھی وعدہ کیا۔

اس سے قبل کہ ڈاکٹر صاحب کے کام پر اظہار خیال کروں آپ کو ادارہ کی 43 سالہ خدمات سے انتہائی اختصار کے ساتھ معلومات دینا چاہوں گا کہ ان 43 سالوں میں ادارہ کے توسل سے دنیا بھر میں کیا کیا کام ہوا اور اب کیوں ضرورت پیش آرہی ہے کہ ان پر لکھی گئی تمام کتابوں کی ایک جامع فہرست مرتب کی جائے۔ ان میں اکثریت اردو زبان میں لکھی گئی کتابیں، اس کے بعد انگریزی زبان میں اور پھر عربی میں ،مگر دیگر زبان میں بھی دو ،چار اور کسی میں ایک دو کتابیں بھی لکھی گئی ہیں مثلاً امام احمد رضا کا ترجمہء قرآن کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن سندھی ،پشتو،بنگلہ، ڈچ ،انگریزی ،گجراتی، ترکی زبان میں ہوچکا ہے یہ تفصیل آپ کو کتابیاتِ رَضامیں مکمل مل جائے گی۔

ادارہ تحقیقات امام احمد رضا تعلیماتِ رضا کے فروغ میں مسلسل 43 سال سے مصروف عمل ہے اس دوران ہر سال امام احمدرضا کانفرنس کا انعقاد جاری رہا اور کانفرنس میں پڑھے گئے مقالات اور دیگر مقالات کو جو امام احمد رضا کے ہی حوالے سے لکھے گئے تھے ان کو سالانہ معا رفِ رَضا میں شائع کرنے کا اہتمام کیا گیا جو ۱۹۸۱ء تا حال جاری ہے۔ ادارہ نے اما م احمد رضا کی تصنیفات جو عربی،فارسی اور اردو میں تھیں ان کی اشاعت کا سلسلہ بھی جاری رکھا ساتھ ہی جن مقالہ نگاروں نے اپنے مقالات کو کتابی شکل دی یا جن اہل قلم نے امام احمد رضا کے حوالے سے کوئی بھی تصنیف کسی زبان میں لکھی، ادارہ نے اس کو بھی شائع کیا اور اب تک ادارہ ۱۸۰ سے زیادہ کتب شائع کرچکا ہے۔ ادارہ نے پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود

احمد نقشبندی مجددی دہلوی (م۔۲۰۰۸ء) علیہ الرحمۃ کی تجویز پر دنیا بھر کی جامعات میں جہاں جہاں وہاں کے اسکالرز امام احمد رضا پر پی۔ ایچ۔ ڈی۔، ایم۔ فل کر رہے تھے یا تحقیقی مقالات مرتب کررہے تھے ان سب کو علمی مواد فراہم کرنے کی ادارے نے سعادت حاصل کی جس کے نتیجہ میں اب تک ۵۰ سے زیادہ پی۔ ایچ۔ ڈی کے تھیسس لکھے جا چکے ہیں جن میں سے چند ادارے نے شائع بھی کیے ہیں بقیہ مسودہ کی صورت میں ادارہ کے پاس محفوظ ہیں۔

ادارہ تحقیقات امام احمد رضا نے ان 43 سالوں میں امام احمد رضا پر جتنی کتابیں شائع ہوئی ہیں یا ان کی اپنی عربی، فارسی اور اردو زبان کی مختلف علوم وفنون پر جو کتابیں شائع ہوچکی ہیں ان سب کو اپنی لائبریری کی زینت بنایا ہے اور ایک کثیر تعداد ادارہ کی لائبریری میں وجود ہے۔ امام احمد رضا پر جہاں جہاں سے دنیا میں جرائد شائع کیے جارہے ہیں ہم نے کوشش کی ہے ان کی مکمل فائل ادارہ میں دستیاب ہو اور اس قسم کی ۳۰ سے زیادہ جرائد ہیں جن کی مکمل فائل ادارہ میں موجود ہے ادارہ کی انتظامیہ نے اس دوران کوشش کہ ایک مکمل فہرست کتابیاتِ رَضا کے نام سے ادارہ سے شائع کی جائے مگر کسی وجہ سے ہم کو اس میں کامیابی نہ ملی البتہ اس دوران دو اشاریے ہم نے اہل علم سے مرتب کروائے ان میں ایک سالانہ معارف رضا کا ہے اور دوسرا ماہانہ معارف رضا، اس کی تفصیل ملاحظہ کیجیے۔

1) سالانہ معارف رضا کا اشاریہ ۱۹۸۱ء تا ۲۰۰۶ء محقق اہلسنت سید صابر حسین شاہ نے مرتب کیا تھا جو کہ ادارہ نے فروری ۲۰۰۸ء میں شائع کیا تھا اس کا پیش لفظ بھی سید صابر حسین شاہ صاحب نے ہی لکھا تھا اس کا ایک اقتباس ملاحظہ کریں جس میں مرتب نے اپنے کام کی نوعیت بھی بتائی ہے:

"مجموعی طور پر چھبیس سالوں میں ان سالناموں کے ۶۵۹۳ صفحات بنتے ہیں پیش نظر اشاریہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔

ا)منثورات : اس میں اداریات ،شذرات اور مقالات شامل ہیں، اداریات سالناموں کی ترتیب سے دیے گئے ہیں ۔پھر شذرات کی ترتیب الف بائی ہے آخر میں مقالات ہیں ۔ مقالہ نگار کا نام جلی حروف

میں ہے، اس کے نیچے عنوان مقالہ، شمارہ نمبر اور قوسین، سال اشاعت اورآخر میں صفحہ نمبر درج ہے۔ اندراج کی ترتیب مقالہ نگار کے اعتبار سے الف بائی ہے۔

۲) منظومات: اس میں الف بائی ترتیب سے حمدیہ کلام، رباعیات، قصائد ،قطعات ،مرثیہ، مناجات،مناقب،اور نعتیہ کلام دیا گیا ہے اس حصے کے اندراج کے عناصر ترکیب اس طرح ہیں ۔شاعر کا نام ،حمد ،نعت یا مناقب کا پہلا حصہ مصرعہ ،شمارہ نمبر، قوسین میں سال اشاعت اور آخرمیں صفحہ نمبر، اندراجات کی ترتیب مقالہ نگار کے نام سے الف بائی ہے۔

۳) نوادرات:اس میں تراشے،حواشی،سرورق، سندات، مخطوطات،رقعات،اور مکتوبات شامل ہیں۔تمام کی ترتیب الف بائی اور اندراج کا طریقہ کار بھی حسب سابق ہے"۔

(پیش لفظ از سید صابر حسین شاہ بخاری قادری ،اشاریہ معارف رضا ۱۹۸۱ء تا۲۰۰۶ء ، ص: ۱۲۔۱۳ , مطبوعہ ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی ۲۰۰۸ء)

ادارہ تحقیقات امام احمد رضا نے ماہانہ معارف رضا کا اشاریہ محمد عبید الرحمن اور غلام محی الدین ترک سے کروایا تھا۔ ان دونوں حضرات نے جنوری ۲۰۰۰ءتا دسمبر۲۰۱۲ء کا اشاریہ جنوری ۲۰۱۴ء میں تیار کرلیا تھا اور ادارہ نے اپنے جنوری ۲۰۱۳ء کے شمارہ میں اس پورے اشاریہ کو شائع کر دیا تھا جو کل بارہ سال کے ماہنا موں کا اشاریہ ہے۔ اب ملاحظہ کریں مرتبین نے اس اشاریہ کو کس طرح مرتب فرمایا۔

" ماہانہ معارف رضا کے ابتدائی ۱۳ سال (جنوری ۲۰۰۰ تا دسمبر ۲۰۱۲ء) کا پیش نظر اشاریہ تین حصوں پر مشتمل ہے(۱) منثورات(۲) منظومات(۳) نوادرات۔

منشورات میں سب سے پہلے اداریے ہیں، بعنوان" اپنی بات" اندراج کی ترتیب شمارہ واشاعت کے ماہ وسال کے لحاظ سے ہے جس طرح کے شروع میں عنوان اس کے بعد متعلقہ جلد اور شمارہ نمبر پھر ماہ وسال اشاعت اور آخر میں صفحہ نمبر۔

مقالات کے حصے میں مقالہ نگار کانام جلی قلم سے لکھ کر نیچے اس کے تمام مقالات کا اشارہ دیا گیا ہے۔ اندراج کی ترتیب مقالہ نگار کے نام کے اعتبار سے الف بائی ہے اور باقی طریقہ کارحسب سابق ہے۔

اشاریہ کا دوسرا حصہ منظومات پر مشتمل ہے اس میں بالترتیب حمدیہ کلام، نعتیہ کلام ،تضامین بر کلام رضا، مناقب، قصائد ،مناجات اور قطعات شامل ہیں۔ اندر اج کی ترتیب شاعر کے تخلص کے لحاظ سے الف بائی ہے۔ اشاریہ کا آخری حصہ نوادرات پر مشتمل ہے اس میں تراشے ،سندات ،مخلوطات ،مکتوبات، سرورق، خطاطی اور رقعات شامل ہیں۔

ادارہ کی طرف سے ان دونوں اشاریوں نے ریسرچ اسکالرز کو بہت فائدہ پہنچایا کہ ان کو ادارہ سے شائع ہونے والے مقالات کی مکمل تفصیل مل گئی۔ ریسرچ اسکالرز ادارہ کی لائبریری سے بھی برابر استفادہ کررہے تھے۔ وقت کے ساتھ ساتھ اس بات کی شدت سے کمی محسوس ہورہی تھی کہ نہ صرف ادارہ سے شائع ہونے والی تمام کتب و رسائل بلکہ دنیا میں جہاں جہاں مختلف ادارے امام احمد رضا کی اپنی کتب یاامام احمد رضا پر لکھی جانے والی کتب شائع کررہے ہیں ان کی ایک جامع فہرست شائع کی جائے تا کہ محققین کو کام کرنے میں آسانی ہو اور وہ پھر مزید نئی جہت میں کام کرنے کے لیے مقالات کے عنوانات کو حتمی شکل دے سکیں ۔اس سلسلے میں ادارہ کی انتظامیہ نے جامعہ کراچی کے شعبہ تاریخ اسلامی کے صدر نشین ڈاکٹر حافظ محمد سہیل شفیق صاحب سے اس لیے رابطہ کیا کہ ڈاکٹر صاحب کئی سالوں سے مختلف رسائل اور جرائد کے اشاریے ترتیب دے چکے ہیں۔ جن میں سے چند اہم اشاریے یہ ہیں:

1)اشاریہ نعت رنگ 2009ء صفحات 272 2)اشاریہ جہان حمد 2013ء صفحات 345

3)نعتیہ ادب کے تنقیدی زاویے 2015ء صفحات 352

4)مکتوب ترکی 2016ء صفحات 375　　5)اشاریہ ارمغانِ حمد زیر طبع

6)جامعہ نظامیہ بغداد، 2019ء صفحات 450　　7)کاروان نعت لاہور 2020ء صفحات 240

8)لغت نامہ بنام صبیح رحمانی 2014ء صفحات 934

ڈاکٹر محمد سہیل شفیق صاحب کی اسی مہارت کے باعث ادارہ کی انتظامیہ نے ان سے درخواست کی کہ آپ امام احمد رضا کی تمام کتابوں اور ان پر لکھی جانے والی تمام کتابوں، ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کی لائبریری میں موجود تمام کتب رضویات، مخطوطات ،رسائل وجرائد کی جامع فہرست بعنوان ''کتابیاتِ رَضا''مرتب فرمائیں آپ نے اس درخواست کو قبول کرکے چھ ماہ کا وقت مانگا اور الحمد للہ آپ نے اس کام کو پائے تکمیل تک پہنچادیا۔ آپ نے حتی الامکان دنیا کے تمام ان اداروں سے بھی رابطہ کیا جنھوں نے امام احمد رضا کی کتب شائع کیں اوران تمام بڑی لائبریری سے بھی رابطہ کر کے ان کے یہاں کی فہرست بھی حاصل کی اور اپنی اس کتاب میں آپ نے کتابوں کے علاوہ جہاں جہاں امام احمد رضا پر ایم۔ فل اور پی۔ ایچ۔ ڈی کے مقالات لکھے گئے ہیں وہاں سے بھی انھوں نے مکمل فہرست حاصل کی ہے۔ آپ کی تحقیق کے مطابق آپ نے سولہ سو (۱۶۰۰) سے زیادہ کتب کی فہرست تیار کی ہے جس میں پی۔ ایچ۔ ڈی اور ایم۔ فل اور ایم ۔ایڈ کے ایک سو (۱۰۰) مقالات کی فہرست بھی دی گئی ہے اور ۲۰۸ انگریزی زبان میں لکھی کتب کی فہرست بھی شامل کی گئی ہے۔اردو، عربی کی تمام کتب کو شامل کرکے لگ بھگ ۱۶۰۰ کتب کی فہرست کو ''کتابیاتِ رَضا '' کے نام سے کام مکمل کیا گیا ہے۔

ان شاء اللہ امام احمد رضا کانفرنس ۲۰۲۱ء کے موقع پر یہ کتاب شائع ہوکر قارئین کے مطالعے کے لیے ان کو پیش کی جائے گی۔ ادارہ ڈاکٹر محمد سہیل شفیق صاحب کا اور ان کے معاونین ڈاکٹر محمد طاہر قریشی صاحب اور ڈاکٹر داود عثمانی صاحب کا ممنون ہے اور ساتھ ہی ڈاکٹر سہیل شفیق صاحب کے ایک ہو نہار طالب علم جناب سید فرقان کا بھی شکریہ اد کرنا چاہتا ہے جنھوں نے ادارہ میں بیٹھ کر اس کام کو مکمل

کرانے میں ڈاکٹر صاحب کی مدد کی۔ اللہ تعالیٰ ان سب محنت کو قبول فرمائے، ہم بھی اللہ کے حضور شکر گزار ہیں کہ ہم نے بر صغیر کے علماء و مشائخ پر لکھی گئی کتابوں میں امام احمد رضا پر "کتابیاتِ رَضا" کا کام کروا کر یہ ثابت کر دیا کہ امام احمد رضا نے جہاں خود سب سے زیادہ کتابیں لکھیں، وہیں ان پر یعنی فرد واحد پر سب سے زیادہ کتابیں لکھی گئی ہیں اور "کتابیاتِ رَضا" کی صورت میں یہ کام آپ کے سامنے ہے۔ ہماری تحقیق کے مطابق برصغیر کے کسی بھی عالم دین کے حوالے سے اس نوعیت کا کام اس سے پہلے سامنے نہیں آیا جس پر کتابیات تیار کی گئی ہو۔ الحمد للہ امام احمد رضا پہلے عالم دین ہیں جن پر " کتابیات رضا" کے نام سے ان کے تمام تحقیقی کام کا احاطہ کیا گیا ہے اگر کسی اور نے کوئی اس نوعیت کا کام کیا ہے تو وہ ابھی منظر پر نہیں آسکا ہے اس لیے اولیت امام احمد رضا کو حاصل ہو گی۔ ممکن ہے اہل علم شبلی نعمانی کو اولیت دیں تو اصل حقیقت یہ ہے کہ ان پر جو کام ہوا ہے اس میں ان پر لکھے گئے مقالات کی تعداد زیادہ ہے۔ جب کہ امام احمد رضا پر لکھے گئے مقالات کو چھوڑ کر صرف کتابوں کی تعداد سولہ سو (۱۶۰۰) سے زیادہ ہے او راگر مقالات کو شامل کریں تو ممکن ہے کہ یہ تعداد کئی ہزار تک جا پہنچے۔ فاضل محقق نے ہماری فرمائش پر صرف کتابیات کی فہرست ہی مرتب کی ہے۔ از

۲۷ صفر المظفر ۱۴۴۳ھ — پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری

۱۵ اکتوبر ۲۰۲۱ء — (صدر: ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا رجسٹرڈ، کراچی)

عرضِ مرتب

امام احمد رضا خان قادری فاضلِ بریلی (10 شوال المکرم1272ھ / 14 رجون 1856 ء۔ ۲۵ر صفر المظفر ۱۳۴0ھ / 28 اکتوبر 1921ء) اپنے عہد کے ممتاز عالمِ دین، محدث، فقیہ ،مصنف اور نابغہ روزگار شخصیت تھے۔ آپ نے تقریباً ایک ہزار کتب اور رسائل تصنیف کیے۔ کثرت تصانیف اور متعدد علوم پر آپ کو جو گرفت حاصل تھی اس کی نظیر نہیں ملتی۔ اسی طرح اعلیٰ حضرت فاضلِ بریلی سے متعلق لکھے گئے تحقیقی مقالات اور مطبوعہ کتابیں بھی کثیر تعداد میں ہیں جن کا شمار کرنا ایک مشکل امر ہے۔ دنیا کی مختلف جامعات میں آپ کی شخصیت و علمی کمالات پر درجنوں تحقیقی مقالات لکھے گئے ہیں۔ جب کہ مطبوعہ کتابوں کی تعداد ہزاروں میں ہے۔

پیش نظر کتاب میں رضویات پر کام کرنے والے محققین کو علمی معاونت فراہم کرنے کی غرض سے رضویات کے موضوع پر ایم۔ اے۔ ،ایم۔ فل۔ ، پی ایچ۔ ڈی۔ اور ڈی۔ لٹ۔ کی سطح پر گزشتہ ایک صدی میں لکھے جانے والے تحقیقی مقالات اور مطبوعہ کتابوں کا ترقی یافتہ علمی دنیا میں رائج اصولوں کے مطابق اندراج کرنے کی ایک سعی کی گئی ہے۔

ہر وہ کتاب جس میں کتابوں کی فہرست ایک خاص ترتیب سے درج کی گئی ہو اور ایک خاص مقصد پورا کرنے میں مددگار کہلا سکے، کتابیات کہلاتی ہے۔ کتابیات یا فہرست سازی اب ایک فن کی حیثیت رکھتی ہے۔ ہر فن کی طرح اس کے بھی کچھ اصول و ضوابط ہیں۔ پیش نظر کتابیات میں ان اصول و ضوابط کی ممکنہ حد تک پابندی کی کوشش کی گئی ہے البتہ چند ایک مقامات پر ان اصولوں سے بوجوہ انحراف بھی روا رکھا گیا ہے۔

پیش نظر کتابیات 1600سے زائد اندراجات پر مشتمل ہے۔ جس میں 100 تحقیقی مقالات ہیں۔ جب کہ اردو، عربی، انگریزی اور دیگر زبانوں میں 1502 کتابوں کا اندراج ہے۔ وہ کتب و رسائل جن کا علم کتابیات مکمل ہونے کے بعد ہوا، انھیں ایک ضمیمے کی صورت میں آخر میں شامل کر دیا گیا ہے۔

تحقیقی مقالات کا اندراج عنوانِ مقالہ کی الف بائی ترتیب کے مطابق درجِ ذیل طور پر کیا گیا ہے:

مقالے کی سطح، مقالے کا عنوان، مقالہ نگار، نگرانِ مقالہ، جامعہ کا نام۔

کتابوں کا اندراج الف بائی ترتیب کے جدید اصولوں کے مطابق مصنف وار کیا گیا ہے۔ اس لیے روایتی ترتیب کے برعکس "الف مقصورہ" کو پہلے اور "الف ممدودہ" کو بعد میں رکھا گیا ہے۔ اسی طرح کتابیات کے جدید تر اصولوں کے مطابق سنِ اشاعت کا اندارج مصنف / مرتب / مؤلف کے نام کے فوراً بعد کیا گیا ہے۔ تمام سنین عیسوی ہیں۔ یکسانی کے لیے بعض کتابوں میں دیے گئے سنِ ہجری کو بھی سنِ عیسوی میں بدل دیا گیا ہے۔ جن کتابوں میں سنِ اشاعت درج نہیں تھا وہاں سنِ اشاعت کے کالم میں نشان ختمہ ۔(Dash) کا نشان لگا دیا گیا ہے۔ اسی طرح جن کتابوں کے ناشر کا علم نہ ہو سکا وہاں بھی ناشر کے کالم میں ختمہ (۔) کا نشان لگایا گیا ہے۔

بنیادی اصول کے طور پر نام کے آخری جزو کو پہلے لکھا گیا ہے پھر علامت سکتہ (،) کے بعد بقیہ نام کا اندراج کیا گیا ہے۔ مثلاً پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد کا اندراج اس طرح کیا گیا ہے: احمد، پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود۔

اگر تخلص یا قلمی نام ہے تو ایسی صورت میں تخلص یا قلمی نام کو اولیت دی گئی ہے۔ مثلاً امام احمد رضا خاں قادری کا اندراج اس طرح کیا گیا ہے: رضا خاں قادری، امام احمد

البتہ ایسی استثنائی صورتوں میں ایسے ناموں کے عبوری حوالے (Cross Refferences) دے دیے گئے ہیں تاکہ نام کے آخری جزو سے تلاش کرنے والے بھی اصل نام تک پہنچ سکیں اور یکسانی بھی برقرار رہے۔

مثلاً: اصل میں اندراج: رضا خاں قادری، امام احمد

عبوری حوالہ: قادری، امام احمد رضا خاں، دیکھیے: رضا خاں قادری، امام احمد

واضح رہے کہ صرف پہلی کتاب کے ساتھ مصنف / مرتب / مؤلف کا نام درج کیا گیا ہے۔ ایک سے زائد کتابوں کی صورت میں نام کے بجائے ایک لکیر (ــــــــ) لگائی گئی ہے۔ یہ اصل میں ایضاً کا بدل ہے۔ البتہ صفحہ بدلنے پر نام دوبارہ درج کر دیا گیا ہے۔ تاہم ایک ہی ناشر کی شائع کردہ کئی کتابوں کا اندراج ایک ساتھ کرنے کی صورت میں صرف پہلی بار ناشر کا نام مکمل لکھا گیا ہے بعد کے کالموں میں ایضاً سے نشان دہی کی گئی ہے۔

کتابوں کی فہرست میں پانچ بنیادی اندراجات کیے گئے ہیں:

مصنف / مرتب / مؤلف، سنِ اشاعت، کتاب کا نام، ناشر اور صفحات کی تعداد۔

آخر میں تحقیقی مقالات اور کتابوں کا عنوانی اشاریہ بھی دیا گیا ہے تاکہ مصنف / مرتب / مؤلف کے نام کا علم نہ ہونے کی صورت میں اور کتاب کے صرف عنوان کا علم ہونے پر بھی اسے بآسانی تلاش کیا جاسکے۔

راقم نے پیشِ نظر کتابیات کی تیاری میں جن اہلِ علم کی کاوشوں سے استفادہ کیا ہے، ان کا شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہے۔

- قرطاس و قلم (اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلویؒ پر لکھی جانے والی کتابیں)، 2006ء، علامہ محمد عیسیٰ رضوی قادری، ایڈوانس پرنٹنگ اینڈ پبلشنگ، دہلی
- المصنفات الرضویہ (تصانیف امام احمد رضا)، 2005ء، مولانا محمد عبد المبین نعمانی قادری رضوی مصباحی، رضا اکیڈمی، لاہور
- اشاریہ ماہنامہ "جہانِ رضا"، 2018ء، عبید الرحمٰن، مرکزی مجلسِ رضا، لاہور
- "ہر علم و فن کی شاہی تم کو رضاؔ مسلم"، مشمولہ: ماہنامہ "معارفِ رضا"، 2015ء، ڈاکٹر حامد علی علیمی، ادارہ تحقیقات امام احمد رضا، کراچی۔
- تحقیقاتِ اسلامیات، 2017ء، مرتب: ڈاکٹر سعید الرحمن بن نور حبیب، العلم پبلی کیشنز، پشاور
- جامعات میں اردو تحقیق، 2008ء، مرتب: ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی، ایچ۔ ای۔ سی۔ اسلام آباد
- فہرستِ کتب خانہ نعت ریسرچ سینٹر، 2009ء، محمد طاہر قریشی، نعت ریسرچ سینٹر، کراچی

علاوہ ازیں اس سلسلے میں ہندو پاک کے متعدد اہلِ علم نے تعاون فرمایا جن میں پاکستان سے محترم محمد احمد ترازی (کراچی)، ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری (کراچی) ڈاکٹر مظہر حسین بھدرو (ملتان) اور ہندوستان سے ڈاکٹر مشاہد حسین رضوی (مالیگاوں) اور محترم توفیق احسن برکاتی (مبارک پور) خصوصی شکریے کے مستحق ہیں۔

ادارہ تحقیقات امام احمد رضا (کراچی) کے صدر، پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری صاحب کا شکریہ بھی راقم پر واجب ہے کہ اس کتابیات کے محرّک ڈاکٹر صاحب ہی ہیں۔ آپ کا بھی ہر ممکن تعاون راقم کے شاملِ حال رہا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ رضویات کے فروغ میں ڈاکٹر صاحب اور ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کے جملہ اراکین کی کاوشوں کو قبولیت حاصل ہو اور توفیقات میں مزید اضافہ ہو۔

عزیزم سید فرقان حسین نے ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کے کتب خانے کی فہرست تیار کرنے میں ہر ممکن مدد کی اور اس سلسلے میں خاصا وقت صرف کیا اور بہت زحمت بھی اٹھائی۔ اللہ تعالیٰ انھیں دنیا و آخرت کی سعادتوں سے بہرہ مند فرمائے۔ فہرست کی کمپوزنگ کے سلسلے میں عزیزم خرم سبز واری نے بہت محنت کی ہے۔ اللہ تعالیٰ انھیں اس کا بہترین اجر عطا فرمائے۔

رفیقانِ عزیز ڈاکٹر محمد طاہر قریشی اور ڈاکٹر داؤد عثمانی کا تعاون ہر قسم کے شکریے سے بالاتر ہے۔ ہر دو حضرات کی معاونت اور رہنمائی ہر مرحلے پر راقم کے شاملِ حال رہی۔ اللہ تعالیٰ انھیں اس کی بہترین جزا عطا فرمائے۔

راقم نے اس فہرست کے مرتب کرنے میں اپنی سی کوشش میں کوئی کمی نہیں کی اور حتی المقدور زیادہ سے زیادہ کتب و مقالات کے اندراج اور درست معلومات کی فراہمی کی کوشش کی ہے۔ اس کے باوجود اس عاجز راقم کو یہ اعتراف کرنے میں کوئی تامّل نہیں ہے کہ بہت سی کتابیں اور مقالات اس فہرست کا حصہ بننے سے رہ گئے ہیں۔ بتقاضائے بشریت غلطیوں اور خامیوں کا بھی امکان ہے۔ قارئین سے گزارش ہے کہ ان فرو گزاشتوں کو راقم کی کم علمی پر محمول کرتے ہوئے درگزر فرمائیں اور اصلاح فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔

امید ہے کہ رضویات کے مطالعے کے ضمن میں اس کتاب سے ایک تحقیقی ماخذ کی حیثیت سے تادیر استفادہ کیا جاتا رہے گا۔

یکم ربیع الاول 1443ھ / 8/ اکتوبر 2021ء　　　　ڈاکٹر محمد سہیل شفیق

رضویات پر پوسٹ ڈاکٹریٹ/ڈی لِٹ

نمبر	عنوان	مقالہ نگار	نگران	یونیورسٹی
ا	امام احمد رضا کی ادبی خدمات	ڈاکٹر محمد مکرم احمد	–	جواہر لال یونیورسٹی، نیو دہلی، انڈیا

رضویات پر پی ایچ۔ ڈی۔ مقالات

نمبر	عنوان	مقالہ نگار	نگران	یونیورسٹی
2	اردو کی نعتیہ شاعری میں مولانا احمد رضا خانؒ کی انفرادیت و اہمیت	تنظیم الفردوس	ڈاکٹر فرمان فتح پوری	شعبہ اردو، جامعہ کراچی۔ کراچی
3	اُردو کے اصلاحی ادب میں مولانا احمد رضا خاں بریلوی کا حصہ	سید محمد عارف علی رضوی	ڈاکٹر نظام الدین	ممبئی یونیورسٹی، ممبئی۔ انڈیا
4	اُردو کے اصلاحی ادب میں مولانا احمد رضا خاں بریلوی کا حصہ	سید محمد عارف علی رضوی	ڈاکٹر نظام الدین	ممبئی یونیورسٹی، ممبئی۔ انڈیا
5	اردو کے منتخب اردو نعت گو شعراء	عقیلہ بیگم سید غوث	ڈاکٹر عتیق الرحمٰن خان	شعبہ اردو، ناگ پور یونیورسٹی، مہاراشٹر۔ انڈیا
6	اُردو نثر نگاری اور مولانا احمد رضا خاں	حامدہ بی بی	پروفیسر حامد علی خاں	روہیل کھنڈ یونیورسٹی، بریلی۔ انڈیا

نمبر	عنوان	مقالہ نگار	نگران	یونیورسٹی
7	اُردو نعت گوئی اور امام احمد رضا کی نعت نگاری	محمد نظام الدین	–	گاندھی کاشی ودیاپیٹھ یونیورسٹی، بنارس۔ انڈیا
8	اردو نعت گوئی کی تاریخ میں احمد رضاخان فاضل بریلوی کا مقام و مرتبہ	عبد النعیم عزیزی	ڈاکٹر زاہد حسین وسیم بریلوی	شعبہ اردو،، روہیل کھنڈ یونیورسٹی، اترپردیش، انڈیا
9	اردو نعت گوئی کے سو سال (1857ء تا1957ء)	حسیب الدین	پروفیسر عبد الحامد	شعبہ اردو، الٰہ آباد یونیورسٹی، انڈیا
10	اردو نعت میں غیر اسلامی عناصر کا تحقیقی و تنقیدی مطالعہ	شیدا محمد کاکاخیل	پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد اعوان	شعبہ اردو، قرطبہ یونیورسٹی، پشاور
11	اردو نعتیہ ادب کے انتقادی سرمائے کا تحقیقی مطالعہ	عبد العزیز خان	پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال	شعبہ اردو، کراچی یونیورسٹی۔ کراچی
12	اعلیٰ حضرت احمد رضا خان اور ان کی نعت گوئی	سید جمیل الدین جمیل	ڈاکٹر محمد شفیع	ڈاکٹر ہری سنگ گور یونیورسٹی، ساگر، مدھیہ پردیش۔ انڈیا
13	اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی کی نعتیہ شاعری	جوہر شفیع آبادی (محمد امام الدین)	پروفیسر فاروق احمد صدیقی	شعبہ اردو، بہار یونیورسٹی، مظفرپور، بہار۔ انڈیا
14	الزلال الانقی من بحر سبقت الاتقی (للشیخ احمد رضا خاں)	محمد اشفاق جلالی	ڈاکٹر ظہور احمد اظہر	پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان
15	الشیخ احمد رضا شاعراً عربیاً مع تدوین دیوانہ العربی	سید شاہد علی نورانی	ڈاکٹر ظہور احمد اظہر	پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان
16	امام احمد رضا اور ان کے مکتوبات	غلام جابر شمس مصباحی	ڈاکٹر فاروق احمد صدیقی	بہار یونیورسٹی، انڈیا

نمبر	عنوان	مقالہ نگار	نگران	یونیورسٹی
17	امام احمد رضا اور عائلی قوانین	سید رئیس احمد	ڈاکٹر جلال الدین احمد نوری	شعبہ علومِ اسلامیہ، جامعہ کراچی۔ کراچی
18	امام احمد رضا بریلوی کی اردو ادب میں خدمات	سعید احمد	–	کلبرگہ یونیورسٹی، کرناٹک، انڈیا
19	امام احمد رضا بریلوی کے حالات، افکار اور اصلاحی کارنامے (بزبان سندھی)	عبد الباری صدیقی	ڈاکٹر مدد علی قادری	سندھ یونیورسٹی، جامشورو۔ سندھ
۲۰	امام احمد رضا بریلوی: حیات اور ادبی خدمات	نور الدین محمد نوری	ڈاکٹر محمد ریاض احمد فردوسی	ٹی۔ این۔ بی۔ کالج، بھاگلپور یونیورسٹی۔ انڈیا
21	امام احمد رضا بہ حیثیت مفسرِ قرآن	عبد العلیم رضوی	ڈاکٹر فاروق احمد صدیقی	بہار یونیورسٹی، مظفر پور۔ انڈیا
22	امام احمد رضا خاں، حیات و کارنامے	طیب علی رضا انصاری	ڈاکٹر قمر جہاں	شعبہ اُردو، بنارس ہندو یونیورسٹی، انڈیا
23	امام احمد رضا کا تصورِ عشق	غلام مصطفیٰ نجم القادری	ڈاکٹر جہاں آرا بیگم	شعبہ اُردو، میسور یونیورسٹی، انڈیا
24	امام احمد رضا کی ادبی و لسانی خدمات	ریاض احمد	پروفیسر ناز قادری	بی۔ آر۔ امبیڈکر بہار یونیورسٹی، انڈیا
25	امام احمد رضا کی اُردو شاعری	شاہد اختر	–	کلکتہ یونیورسٹی، انڈیا
26	امام احمد رضا کی اُردو لسانی خدمات	فضلِ رب	پروفیسر صاحب علی	ممبئی یونیورسٹی، ممبئی۔ انڈیا
27	امام احمد رضا کی اُردو نثر نگاری	محمد ظہیر وی	زاہد حسین وسیم بریلوی	روہیل کھنڈ یونیورسٹی، بریلی۔ انڈیا

نمبر	عنوان	مقالہ نگار	نگران	یونیورسٹی
28	امام احمد رضا کی انشاء پردازی	غلام غوث قادری	پروفیسر منظر حسین	رانچی یونیورسٹی، بہار۔ انڈیا
29	امام احمد رضا کی شاعری، ایک تقابلی جائزہ (بزبان عربی)	محمد مبشر	ڈاکٹر عبد المصور بھویان	آسام یونیورسٹی، آسام۔ انڈیا
30	امام احمد رضا کی فکری تنقیدیں	امجد رضا امجد	ڈاکٹر طلحہ رضوی برق	ویر کنور سنگھ یونیورسٹی، آرہ۔ انڈیا
31	امام احمد رضا کی محدثانہ حیثیت	اے۔ پی۔ عبد الحکیم	ڈاکٹر فاروق احمد صدیقی	بہار یونیورسٹی، مظفر پور۔ انڈیا
32	امام احمد رضا کی مکتوب نگاری	غلام جابر شمس مصباحی	پروفیسر فاروق احمد صدیقی	شعبہ اردو، بہار یونیورسٹی، بہار۔ انڈیا
33	امام احمد رضا کے نثری شہ پارے	محمد اصغر	پروفیسر ڈاکٹر تنظیم الفردوس	شعبہ اردو، جامعہ کراچی۔ کراچی
34	امام احمد رضا کی نعتیہ شاعری میں عشق رسول ﷺ کا عنصر	آدم رضا	ڈاکٹر غلام دستگیر	شیواجی یونیورسٹی، کولہا پور، مہاراشٹرا۔ انڈیا
35	امام احمد رضا بحیثیت محدث	محمد عبد الحکیم	پروفیسر فاروق احمد صدیقی	شعبہ اردو، بہار یونیورسٹی، بہار۔ انڈیا
36	امام احمد رضا خان: حیات اور کارنامے	طیب علی رضا انصاری	۔	بنارس ہندو یونیورسٹی، وارنسی، یوپی۔ انڈیا
37	امام احمد رضا کی نعتیہ شاعری میں عشقِ رسول کا عنصر	محمد آدم یوسف شیخ	۔	شیواجی یونیورسٹی، کولہاپور، مہاراشٹر۔ انڈیا
38	انیسویں صدی کے علمائے دین کی اردو خدمات	شذرہ حسین	ڈاکٹر تنظیم الفردوس	شعبہ اردو، جامعہ کراچی۔ کراچی

نمبر	عنوان	مقالہ نگار	نگران	یونیورسٹی
39	انیسویں صدی کے منتخب مفسرین کی تفاسیر اور ان کے اصول تفسیر کا مطالعہ	نوید المظفر	۔	شعبہ علومِ اسلامیہ، جامعہ کراچی۔ کراچی
40	آثار القرآن والسنہ فی شعر الشیخ احمد رضا خان دراساتہ تحلیلیہ فی شعر الاردی والعربی والفارسی	ظفر اقبال جلالی	ڈاکٹر ظہور احمد اظہر	یونیورسٹی آف فیصل آباد۔ فیصل آباد
41	برصغیر پاک وہند کے چند ممتاز علماء کی علمی اور دینی خدمات: (1857ء تا1947ء)	مقبول احمد بن حبیب بخش	پروفیسر عبدالرزاق میمن	شعبہ تقابل ادیان و اسلامک کلچر، سندھ یونیورسٹی۔ جام شورو
42	برصغیر پاک وہند میں عربی نعتیہ شاعری	محمد اسحاق قریشی	ڈاکٹر ظہور احمد اظہر	شعبہ عربی، پنجاب یونیورسٹی۔ لاہور
43	برصغیر کی سیاسی تحریکات میں فتاویٰ رضویہ کا حصہ	محمد اسحاق مدنی	ڈاکٹر محمد مسعود احمد	شعبہ علومِ اسلامیہ، جامعہ کراچی۔ کراچی
44	بیسویں صدی میں امام احمد رضا اور علمائے اہلسنّت کی ادبی و دینی خدمات	شفیق اجمل	ڈاکٹر رفعت جمال	بنارس ہندو یونیورسٹی۔ انڈیا
45	تحریک پاکستان میں خلفائے امام احمد رضا خان کا کردار (1920ء سے 1947ء تک)	محمد حسن امام	پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین نوری	شعبہ علومِ اسلامیہ، جامعہ کراچی۔ کراچی
46	تحقیق وتعریب ودراسة جزء من الفتاوی الرضویہ	محمد مہربان باروی	الدکتور محمد وہبی سلیمان / الدکتور نور احمد شاہتاز	اُم درمان یونیورسٹی، سوڈان
47	ترجمہ ''کنز الایمان'' اور ''بیان القرآن'' کا تقابلی جائزہ	بدیع العالم رضوی	ڈاکٹر عبد الودود	اسلامک یونیورسٹی، کشٹیا۔ بنگلہ دیش

نمبر	عنوان	مقالہ نگار	نگران	یونیورسٹی
48	حضرت رضا بریلوی بحیثیت شاعرِ نعت	محمد امام الدین جوہر شفیع آبادی	ڈاکٹر فاروق احمد صدیقی	بہار یونیورسٹی، مظفر پور۔ انڈیا
49	حضرت مولانا احمد رضا خاںؒ: حیات اور شاعری	ظہیرہ بیگم	–	رانی درگاوتی یونیورسٹی، مدھیہ پردیش۔ انڈیا
50	رضا بریلوی کا تصورِ عشق	غلام مصطفٰی نجم القادری	ڈاکٹر جہاں آراء بیگم	شعبہ اردو، میسور یونیورسٹی، کرناٹک۔ انڈیا
51	روہیل کھنڈ کے نثری ارتقا میں مولانا امام احمد رضا خاں کا حصہ	رضا الرحمٰن عاکف سنبھلی	ڈاکٹر محمد سیادت نقوی	شعبہ اردو، روہیل کھنڈ یونیورسٹی، بریلی۔ انڈیا
52	شاہ احمد رضا بریلویؒ کی شعری تخلیقات کا تنقیدی مطالعہ	سید ابو طاہر	پروفیسر عبد الحامد	شعبہ اردو، الہ آباد یونیورسٹی۔ انڈیا
53	عربی زبان وادب میں مولانا احمد رضا خاں کا حصہ	اورنگزیب اعظمی	–	جواہر لال نہرو یونیورسٹی، دہلی۔ انڈیا
54	علامہ محمد اقبال اور مولانا احمد رضا کے افکار کا تقابلی جائزہ	وزیر احمد شاہ	–	شعبہ اردو، جامعہ کراچی۔ کراچی
55	علامہ مولانا نقی علی خان: حیات اور علمی وادبی کارنامے	محمد حسن	پروفیسر ڈاکٹر نواب حسن خان نظامی	شعبہ اردو مہاتما جیوتیبا پھولے کھنڈر دیونی ورسٹی، یو۔پی۔ انڈیا
56	فتاویٰ رضویہ مخرجہ کی ابتدائی پانچ جلدوں میں مذکور مجروح رواۃ کا تحقیقی جائزہ	حامد علی	ڈاکٹر ناصر الدین صدیقی	شعبہ علومِ اسلامیہ، جامعہ کراچی۔ کراچی
57	فرہنگِ رضا	محمود عالم	ڈاکٹر رفعت جمال	بنارس ہندو یونیورسٹی، وارانسی۔ انڈیا
58	فقیہِ اسلام امام احمد رضا خاں	حسن رضا خاں اعظمی	ڈاکٹر اطہر شیر	پٹنہ یونیورسٹی، انڈیا

یونیورسٹی	نگران	مقالہ نگار	عنوان	نمبر
شعبہ علوم اسلامیہ، جامعہ کراچی۔ کراچی	۔	حافظ محمد شکیل اوج	قرآن کریم کے آٹھ منتخب اردو تراجم کا تقابلی مطالعہ	59
شعبہ علوم اسلامیہ، جامعہ کراچی۔ کراچی	پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد	مجید اللہ قادری	کنزالایمان اور دیگر معروف اردو تراجم قرآن کا تقابلی جائزہ	60
شعبہ علوم اسلامیہ، جامعہ کراچی۔ کراچی	–	سید رئیس احمد	مسلم عائلی قوانین کی تدوین میں امام احمد رضا کا حصہ	61
شعبہ علوم اسلامیہ، جامعہ کراچی۔ کراچی	–	دلدار احمد	مسلمانانِ ہند کی معاشرتی اصلاح میں امام احمد رضا خان کی خدمات	62
باباصاحب امبیڈکر یونی ورسٹی، مہاراشٹرا۔ انڈیا	۔	محمد حسین مشاہد رضوی	مفتی اعظم ہند کی نعتیہ شاعری کا تحقیقی مطالعہ	63
شیخ زاید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی۔ لاہور	پروفیسر ڈاکٹر مظہر معین	سرفراز احمد خان	منہج الاعتدال فی مذہب اہل السنۃ [مسلک اہل سنت میں اعتدال کی راہ: برصغیر میں بیسویں صدی کے علمائے احناف (دیوبندی، بریلوی) کی متفقہ آراء کا جائزہ]	64
جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی۔ انڈیا	پروفیسر اختر الواسع	صدیق الاسلام	مولانا احمد رضاؒ کی تحریک: اسباب اور اثرات	65
شعبہ اردو، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاول پور۔ پنجاب		عظیم اللہ جندران	مولانا احمد رضا خان اور علامہ اقبال کے تعلیمی نظریات کا تقابلی جائزہ	66
شعبہ علوم اسلامیہ، جامعہ کراچی۔ کراچی	پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد	مولانا منظور احمد سعیدی	مولانا احمد رضا خان بریلویؒ کی خدمتِ علومِ حدیث کا تحقیقی اور تنقیدی جائزہ	67

نمبر	عنوان	مقالہ نگار	نگران	یونیورسٹی
68	مولانا احمد رضا خان بریلوی کی فقہی خدمات کا تحقیقی جائزہ	محمد انور خان پٹھان	پروفیسر سید محمد سعید	شعبہ تقابل ادیان و اسلامک کلچر، سندھ یونیورسٹی، جام شورو۔
69	مولانا احمد رضا خاں بریلوی کی نعتیہ شاعری	محمد سراج احمد بستوی	پروفیسر سید لحبلونا ت حقی	کانپور یونیورسٹی۔ انڈیا
70	مولانا احمد رضا کی تحریک: اسباب واثرات	صادق الاسلام	پروفیسر اختر الواسع	جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی۔ انڈیا
71	مولانا احمد رضا خاں کی عربی زبان وادب میں خدمات	شبنم خاتون	ڈاکٹر ابو حاتم خان	بنارس ہندو یونیورسٹی، ورانسی۔ انڈیا
72	مولانا احمد رضا خاں کے معاشی نظریات	صبا نور	ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس	جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد۔ فیصل آباد
73	Contribution of Imam Ahmad Raza in Arabic Language and Literature	کنیز حسن شیخ	پروفیسر شفیع شیخ	ممبئی یونیورسٹی، ممبئی۔ انڈیا
74	Imam Ahmad Raza and His Poetry (بزبان بنگلہ)	محمد ناصر الدین	ڈاکٹر رئیس الدین	ڈھاکا یونیورسٹی۔ بنگلہ دیش
75	In the Path of the Prophet: Maulana Ahmad Riza Khan Barelwi and the Ahl-e-Sunnat wa Jama'at Movement in British India, c. 1870-1921	اُشا سانیال	ڈاکٹر بل روف	کولمبیا یونیورسٹی، نیویارک۔ امریکا

رضویات پر ایم۔ فل۔ مقالات

نمبر	عنوان	مقالہ نگار	نگران	یونیورسٹی
76	حدائق بخشش میں قرآنی تلمیحات کا تحقیقی جائزہ	سارہ شرافت	ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس	شعبہ علوم اسلامیہ و عربی و عربی، جی۔ سی۔ یونیورسٹی، فیصل آباد
77	فتاویٰ رشیدیہ اور فتاوی رضویہ کے معاشی مسائل کا تقابلی جائزہ	زینت یاسمین	ڈاکٹر ماجد اقبال / ڈاکٹر اشفاق احمد	شعبہ علوم اسلامیہ، سرگودھا یونیورسٹی، بھکر۔ پنجاب
78	فتاویٰ رضویہ میں مباحث سیرت کا تجزیاتی، تحقیقی مطالعہ	اعظم علی	ڈاکٹر مطلوب احمد رانا	نظامتِ فاصلاتی تعلیم، شعبہ علوم اسلامیہ و عربی، جی۔ سی۔ یونیورسٹی، فیصل آباد
79	فتاویٰ رضویہ، امداد الفتاویٰ اور فتاویٰ ثنائیہ کے مناہج کے تقابلی مطالعہ	قیصر ایوب	ڈاکٹر محفوظ احمد	شعبہ علومِ اسلامیہ و عربی، جی۔ سی۔ یونیورسٹی، فیصل آباد
80	مولانا احمد رضا خان بریلوی کے صوفیانہ افکار کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ	محمد سہیل حسن	ڈاکٹر غلام شمس الرحمٰن	شعبہ علوم اسلامیہ، بہاوالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان
81	مولانا احمد رضا خان کی ادبی خدمات	رقیہ بیگم	غلام مصطفٰی خان	شعبہ اردو، سندھ یونیورسٹی، جام شورو۔ سندھ

82	مساہمۃ الشیخ احمد رضا خان فی اللغتہ العربیۃ وادبھا (مولانا احمد رضا خان کی عربی زبان و ادب میں خدمات)	محمود حسین بریلوی	ڈاکٹر عبد الباری	شعبہ عربی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ۔ انڈیا
83	مولانا احمد رضا خان کی علم طبیعیات میں خدمات کا جائزہ اور جدید سائنسی نظریات سے تقابل	عمر شہزاد	ڈاکٹر شیر علی	شعبہ علومِ اسلامیہ، جی۔ سی۔ یونیورسٹی، فیصل آباد
84	مولانا حسن رضا بریلوی کی ادبی خدمات	گلشن آرا	پروفیسر نصیر احمد	جواہر لعل نہرو یونیورسٹی۔ انڈیا

رضویات پر ایم۔اے۔/ایم۔ایڈ۔اور مساوی (بی۔اے۔آنرز، بی۔ایس۔) مقالات

نمبر	عنوان	مقالہ نگار	نگران	یونیورسٹی
85	اصلاحِ معاشرہ کے لیے مولانا احمد رضا کی سعی	ایس۔ایم۔وارث	–	گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن، فیصل آباد
86	اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی کی علمی خدمات	ایس۔شاہد علی	–	آئی۔ای۔آر۔جامعہ پنجاب، لاہور
87	اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان اور ان کی تعلیمات	محمد صدیق اکبر	ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی	ادارہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
88	امام احمد رضا خان بریلوی کے تعلیمی نظریات	ترک ولی محمد	–	شعبہ تعلیم، جامعہ کراچی۔کراچی
89	امام احمد رضا خان کے نظریہ ربا کا تحقیقی و مطالعہ	مصباح نوشین	ڈاکٹر محفوظ احمد	شعبہ علوم اسلامیہ و عربی، جی۔سی۔ یونیورسٹی، فیصل آباد
90	بریلوی دیوبندی اختلافات: تنقیدی جائزہ	فرزانہ شاہین	غلام رسول عدیم	ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
91	فتاویٰ رضویہ میں مباحث سیرت	علی نواز	ڈاکٹر حامد رضا	شعبہ علوم اسلامیہ و عربی، جی۔سی۔ یونیورسٹی، فیصل آباد
92	مکاتبِ دیوبند بریلی کے خصوصی مسائل کا جائزہ	محمد فاروق	ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی	ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

93	مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے تعلیمی افکار	خالدہ پروین	–	گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن، فیصل آباد
94	مولانا احمد رضا اور مولانا مودودی کے تعلیمی نظریات کا تقابلی جائزہ	چوہدری محمد یعقوب / محمد حفیظ کمبوہ	–	آئی۔ای۔ آر۔ جامعہ پنجاب، لاہور
95	مولانا احمد رضا بریلوی کے تعلیمی نظریات و افکار	محمد افضل / عبد القیوم	–	آئی۔ای۔ آر۔ جامعہ پنجاب، لاہور
96	مولانا احمد رضا خاں اور علامہ اقبال کے تعلیمی نظریات کا تقابلی جائزہ	عظیم اللہ جندران	–	شعبہ ٹیچرز ٹریننگ، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
97	مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے تعلیمی نظریات کا جائزہ	حافظ ذوالفقار علی / غلام احمد	–	آئی۔ای۔ آر۔ جامعہ پنجاب، لاہور
98	مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے تعلیمی نظریات و افکار	عبد الوحید گل / رشید احمد	–	آئی۔ای۔ آر۔ جامعہ پنجاب، لاہور
99	مولانا احمد رضا کی اصلاحی و تعلیمی خدمات	خادم حسین / محمد اشرف	–	آئی۔ای۔ آر۔ جامعہ پنجاب، لاہور
100	مولانا احمد رضا کے افکار کی روشنی میں تصور تعلیم و نصاب	محمد اسلم اصغر علی	–	آئی۔ای۔ آر۔ جامعہ پنجاب، لاہور

رضویات پر مطبوعہ کتابیں

نمبر	مصنف / مرتب / مولف	سن اشاعت	نام کتاب	ناشر، مقام اشاعت	صفحات
1	ابوالفتح، مولانا	-	اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی	-	-
2	اجمیری، علامہ معین الدین	-	تجلیات انوار المعین	-	-
3	احسان الحق، علامہ محمد	-	تنزیہہ کنزالایمان عن خرافات اھل الطغیان	-	-
4	احسن برکاتی، توفیق	2008ء	خانوادہ رضا کی شعری و ادبی خدمات	رضا اکیڈمی، ممبئی	80
5	———	2009ء	امام احمد رضا اور مدینہ منورہ	رضا اسلامک فائونڈیشن، ممبئی	64
6	———	2009ء	فکر رضا کے جلوے	ایضاً	188
7	———	2016ء	بیسویں صدی کا عظیم مصنف	ایضاً	48
8	———	2020ء	امام احمد رضا اور شعر و سخن	برکاتی ریسرچ سینٹر، مبارک پور، انڈیا	40
9	———	2020ء	خانوادہ رضا کی علمی و ادبی جہتیں	رضا اسلامک ریسرچ سینٹر، فیصل آباد	160
10	احمد، پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود	1993ء	فقیہ العصر	ادارہ تحقیقات امام احمد رضا، کراچی	48
11	———	-	امام اہلسنت	-	-
12	———	1996ء	امام احمد رضا اور علوم جدیدہ وقدیمہ	ادارہ مسعودیہ، کراچی	32
13	———	1990ء	امام احمد رضا اور علوم جدیدیہ وقدیمہ	مرکزی مجلس امام اعظم رجسٹرڈ، لاہور	32

14	احمد، پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود	-	کنز الایمان اردو تراجم کی جان	-	-
15	———	-	کنز الایمان کی ادبی جھلکیاں	-	-
16	———	1993ء۔ 2004ء	محدث بریلوی	ادارہ مسعودیہ، کراچی	159
17	———	-	مولانا احمد رضا خاں بحیثیت سیاست داں	-	-
18	———	-	مولانا احمد رضا خاں بریلوی کی سیرت اور تصنیفی کام	-	-
19	———	-	چشم و چراغ خاندان برکاتیہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا	نوری مشن، مالیگاؤں، انڈیا	16
